## 19 فروری کو باغِ قائداعظم میں ہونے والا ایم کیو ایم شعبہءخواتین کا جلسہ عام خواتین کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ثابت ہوگا۔الطاف حسین

## ایم کیو ایم شعبہءخواتین کا تاریخی جلسہ عام باغ جناح میں اب تک ہونے والے تمام جلسوں کا ریکارڈ توڑ ڈالے گا

## 19 فروری کو مرد حضرات گھر کے تمام کام خود سنبھالیں کیونکہ اس روز ماؤں بہنوں کی گھر کے کام سے چھٹی ہوگی

## جہاں ایم کیو ایم کا پرچم ہوگا وہاں صرف اور صرف انسانیت سے محبت رکھنے والے ہوں گے

## باغِ قائداعظم میں جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف ایم کیو ایم شعبہءخواتین کی کارکنوں سے ٹیلیفون پر گفتگو

## '' چلو چلو......باغ جناح چلو '' ......خواتین سے گفتگو کے دوران قائد تحریک الطاف حسین کے نعرے

کراچی۔۔۔ 16 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ 19 فروری کو باغِ قائداعظم میں ہونے والا ایم کیو ایم شعبہءخواتین کا جلسہ عام انشاءاللہ خواتین کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ثابت ہوگا۔انہوں نے یہ بات آج باغِ قائداعظم میں جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف شعبہءخواتین کی کارکنوں سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے اچانک جلسہ گاہ فون کیا تو وہاں موجود خواتین میں زبردست جوش وخروش پیدا ہوگیا اور انہوں نے فلک شگاف نعرے لگا کر اپنے جذبات کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ دنوں باغ قائداعظم میں مختلف جماعتوں کے بڑے بڑے جلسے ہوئے ہیں لیکن 19 فروری کو دنیا دیکھ لے گی کہ ایم کیو ایم شعبہءخواتین کا تاریخی جلسہ عام باغ جناح میں اب تک ہونے والے تمام جلسوں کا ریکارڈ توڑ ڈالے گا اور ثابت کردے گا کہ مخالفین کا سامنا کرنے کیلئے ایم کیو ایم کی مائیں بہنیں ہی کافی ہیں۔جلسہ گاہ میں مہاجر خواتین کے ساتھ ساتھ،سندھی،بلوچ،پختون،ہزارے وال،پنجابی،اسماعیلی فرقہ اور ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والی خواتین بھی موجود تھیں۔جناب الطاف حسین نے تمام خواتین کا زبردست خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ جہاں ایم کیو ایم کا پرچم ہوگا وہاں صرف اور صرف انسانیت سے محبت رکھنے والے ہوں گے اور انشاءاللہ 19 فروری کو شعبہ خواتین کے تاریخی جلسہ عام میں نہ صرف تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والی مائیں بہنیں ہوں گی بلکہ شیعہ سنی،دیوبندی،بریلوی اور اہل حدیث سمیت تمام مسالک کی ماننے والی خواتین بھی ہوں گی۔اس کے ساتھ ساتھ ہندو،عیسائی،سکھ اور تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والی مائیں بہنیں بھی شریک ہوں گی اور اپنے اتحاد کا تاریخی مظاہرہ کرکے دنیا کو دکھادیں گی کہ ہمارے مذاہب اور مسالک چاہے کچھ بھی ہوں،ہم ایک تھے اور ایک ہی رہیں گے۔جناب الطاف حسین نے مرد حضرات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ 19 فروری کو گھر کے تمام کام خود سنبھالیں کیونکہ اس روز ماؤں بہنوں کی گھر کے کام سے چھٹی ہوگی اور وہ اپنے جلسہ عام میں مصروف ہوں گی۔اس پر تمام خواتین نے زوردار نعرے لگا کر اس بات کی تائید کی۔اس موقع پر شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ جلسہ عام کی وجہ سے شہر بھر میں خواتین میں زبردست جوش وخروش پایا جاتا ہے اور وہ جلسہ عام کو کامیاب بنانے کیلئے تیاریوں میں مصروف ہیں۔جناب الطاف حسین نے شعبہءخواتین کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کی انچارج محترمہ کشور زہرہ سمیت تمام ذمہ داران اور کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے رابطہ کمیٹی،کراچی تنظیمی کمیٹی،زونوں،سیکٹرز اور یونٹوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔جناب الطاف حسین نے ''چلو چلو......باغ جناح چلو'' کے نعرے لگائے۔اس پر تمام خواتین نے بھی ان کے ساتھ نعرے لگائے۔

## ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کا جلسہ گاہ باغ جناح کا دورہ جلسہ کے سلسلے میں کئے جانیوالے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

## دنیا کا ہر وہ معاشرہ ترقی کرسکتا ہے جب تک خواتین کو مردوں کے مساوی حقوق فراہم نہ کئے جائیں،ڈاکٹر فاروق ستار

## 19 فروری 2012ء کو قائداعظمؒ کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جائے گا،جس سے قائداعظم محمد علی جناح کی روح خوش ہوگی

## 19 فروری خواتین جلسہ میں شرکت کریں گی اور مرد حضرات گھروں میں بیٹھ کر بچوں کو سنبھالیں گے

## جلسہ گاہ باغ جناح کے دورے کے موقع پر ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو

کراچی:۔۔۔16 فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے زیراہتمام ہونیوالے جلسہ عام ''بااختیار عورت۔۔مضبوط پاکستان کے سلسلے میں جمعرات کے روز قائداعظم کے مزار سے متصل جلسہ گاہ باغ جناح کا دورہ کیا اور جلسہ کے سلسلے میں کئے جانیوالے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کی

رکن آنسہ ممتاز انوار، شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج نائلہ لطیف کمیٹی کی دیگر اراکین، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے پنڈال میں جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی جانب سے قائم کئے گئے چوڑی، مہندی، پینٹنگ کے اسٹال سمیت مختلف کیمپوں پر بھی جا کر وہاں پر موجود خواتین ذمہ داران و کارکنان سے ملاقاتیں کیں اوران سے جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں تفصیلات حاصل کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین 19 فروری 2012ء قائداعظم محمد علی جناحؒ کے مزار کے احاطے میں ایک نئے پاکستان کی بنیاد رکھیں گے، جس میں خواتین کو مردوں کے مساوی حقوق دیئے جائیں گے اور قائداعظمؒ کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جائے گا، جس سے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی روح خوش ہوگی اور سوچے گی کہ جن ماؤں، بہنوں نے پاکستان بناتے وقت اپنا بھرپور کردار ادا کیا تھا آج وہی مائیں، بہنوں کی جماعت ایم کیوایم اس کو تحفظ دینے کیلئے موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ 19 فروری 2012ء کا جلسہ انشاءاللہ تاریخی ہوگا اور گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل ہوگا۔انہوں نے کہا کہ جلسہ والے دن تمام کیمپوں پر خواتین بیٹھیں گی، خواتین جلسہ میں شرکت کریں گی اور مرد حضرات گھروں میں بیٹھ کر بچوں کو سنبھالیں گے، دنیا کا ہر وہ معاشرہ ترقی کرسکتا ہے جب تک خواتین کو مردوں کے مساوی حقوق فراہم نہ کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ اب خواتین بھی مردوں کے شانہ بشانہ ہر پیشے میں آگے آگے نظر آرہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے قیام کے وقت خواتین کا بڑا اہم کردار تھا اور اب اس جلسہ کے بعد پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں بھی بہت بڑا حصہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ مائیں، بہنیں، جب اپنے بیٹوں اور بھائیوں کی بہتر کردار سازی کرتی ہیں تو تب ہی وہ اس قابل ہوتے ہیں کہ دنیا کے ساتھ ساتھ قدم سے قدم ملا کر چل سکیں۔انہوں نے کہا کہ ہم اپنے نبی اکرمﷺ کی سنت کو قائم کریں اور اپنی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو گھر سے باہر بھی تمام شعبہ ہائے زندگی میں عزت و تقدس فراہم کریں۔بعدازاں ڈاکٹر فاروق ستار نے جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں رات دن مصروف رہنے پر ذمہ داران وکارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا اور جلسہ کی تیاریوں پر اطمینان کا اظہار بھی کیا۔

## ایم کیوایم تحت 19 فروری کو ہونے والے ''بااختیار عورت اور مضبوط پاکستان' کے جلسے کے حوالے سے ناگن چورنگی پر خواتین کا کیمپ قائم کر دیا گیا

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کراچی سمیت ملک بھر میں رکنیت سازی مہم انتہائی جوش وجذبہ کے ساتھ جاری ہے

## ایم کیوایم کی رابطہ کے رکن نیک محمد نے کراچی کے مختلف سیکٹروں میں قائم کیمپوں کا دورہ کیا عوام میں رکنیت سازی کے فارم تقسیم کیے

کراچی:۔۔۔16 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کراچی سمیت ملک بھر میں رکنیت سازی مہم انتہائی جوش وجذبہ کے ساتھ جاری ہے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم سرجانی سیکٹر، نیو کراچی سیکٹر، نارتھ کراچی سیکٹر، نارتھ ناظم آباد سیکٹر، ناظم آباد گلبہار سیکٹر، لیاقت آباد سیکٹر اور فیڈرل ایریا سیکٹر میں رکنیت سازی کے سلسلے میں قائم کیمپوں کا دورہ کیا اور کیمپوں پر آنیوالی والی عوام میں رکنیت کے فارم تقسیم کیے اور تحریک کے متعلق آگاہی فراہم کی۔اس موقع پر سینکڑوں کی تعداد میں بزرگوں، نوجوانوں، خواتین، اور طلباء وطالبات نے رکنیت سازی کے فارم پُر کئے اور ایم کیوایم کی رکنیت حاصل کی۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد، تنظیمی کمیٹی کے رکن وسیم، علاقائی سیکٹرز ویونٹوں کے، ذمہ داران وکارکنان عوام کی رہنمائی کیلئے کیمپوں موجود رہے اور رکنیت کے فارم پرّ کرتے رہے۔اس موقع پر کیمپوں پر موجود عوام سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جدوجہد دراصل وطن عزیز سے جاگیردارانہ، سرمایہ دارانہ، کرپٹ موروثی سیاست کے خاتمے، عوام کی حکمرانی، کرپشن سے ملک کو پاک کرنے کیلئے ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب مظلوم ومحروم عوام کے دلوں کی آواز ہے، ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لیے موروثی سیاست کا خاتمہ کرتے ہوئے عوام کی حکمرانی قائم کرنی ہوگی۔اس موقع پر کیمپوں پر موجود تمام لوگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ملک گیر رکنیت سازی مہم کا بے حد سراہا اور اسے خوش آئند قرار دیا۔بعدازاں ایم کیوایم کے تحت 19 فروری کو ہونے والے ''بااختیار عورت اور مضبوط پاکستان' کے جلسے کے حوالے سے ناگن چورنگی پر خواتین کا کیمپ قائم کر دیا گیا ہے جس میں ایم کیوایم کی شعبہ خواتین کی ذمہ داران موجود تھیں۔اس موقع پر شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے کیمپ پر آنے والی خواتین کو 19 فروری ''بااختیار عورت، مضبوط پاکستان'' کے عنوان سے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کرنے کی دعوت دی۔اس موقع پر خواتین نے 19 فروری کو ہونے والے جلسہ میں اپنی بھرپور شرکت کی یقینی دہانی بھی کرائی۔

## 19 فروری کو باغ جناح میں ہونے والا جلسہ عام ملک بھر کی مظلوم خواتین کے بنیادی اور جائز حقوق کی ضمانت دیگا،محترمہ زرین مجید

## ایم کیوایم کے تحت ہونیوالے خواتین کے جلسہ عام کے سلسلے میں بلدیہ سیکٹر یونٹ 3 اور 4 میں منعقدہ کارنر میٹنگوں سے خطاب

## کارنر میٹنگوں میں خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی ،جلسہ عام کا خیر مقدم اور بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی

کراچی۔۔۔16،فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 19 فروری بروز اتوار کو باغ جناح متصل مزار قائد میں منعقد ہونے والے جلسہ عام ''بااختیار عورت ،مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں گزشتہ روز خواتین کی کارنر میٹنگیں منعقد کی گئیں جن میں خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور جلسہ عام کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس میں اپنی بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی ۔ یہ کارنر میٹنگیں متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کی جانب سے ایم کیوایم بلدیہ سیکٹر یونٹ 3 اور یونٹ 4 میں منعقد ہوئیں جن سے حق پرست رکن صوبائی اسمبلی محترمہ زرین مجید ،متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے اراکین محترمہ یاسمین جاوید اور ڈاکٹر فوزیہ حمید نے خطاب کیا ۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے گھٹن زدہ معاشرے میں خواتین کے بنیادی حقوق کیلئے جس طرح سے آواز بلند کی وہ اپنی مثال آپ ہے اور آج جناب الطاف حسین کی کوششوں کے سبب ہی خواتین میں سیاسی پختگی اور شعور بیدار ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ 19 فروری کو باغ جناح میں ہونے والا خواتین کا جلسہ عام مظلوم خواتین کے بنیادی اور جائز حقوق کی ضمانت دیگا اور جلسہ عام خواتین کو حقیر اور کمتر سمجھنے والوں کیلئے تازیانہ ثابت ہوگا۔مقررین نے کارنر میٹنگ میں شریک خواتین سے اپیل کی کہ وہ باغ جناح میں 19 فروری کو ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور جلسہ عام کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرائیں ۔

## 19 فروری کو باغ جناح میں ایم کیوایم کے تحت منعقد ہونے والے خواتین کے جلسہ عام کے سلسلے میں شہر کی مختلف شاہراہوں ،چورنگیوں ،عمارتوں اور پلوں کو ایم کیوایم کے پرچموں ،جناب الطاف حسین کی تصاویر ،ہولڈنگز اور پلے کارڈ اور بینرز لگا کر سجادیا گیا ہے

## باغ جناح میں جلسہ عام کی تیاریوں میں سینکڑوں کارکنان مصروف عمل ہیں ،ایم کیوایم کے پرچموں کی بہار

## شہر کے مختلف علاقوں میں استقبالیہ کیمپس قائم کردیئے گئے ،

## خواتین کی جانب سے ہینڈبل کی تقسیم اور گھر گھر رابطہ کرکے خواتین کو جلسہ عام میں شرکت کی دعوت

کراچی۔۔۔16،فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 19 فروری اتوار باغ جناح میں منعقد ہونے والے خواتین کے جلسہ عام ''بااختیار عورت ،مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں شہر کی مختلف شاہراہوں ، چورنگیوں ،عمارتوں اور پلوں کو ایم کیوایم کے پرچموں ،جناب الطاف حسین کی تصاویر ،ہولڈنگز ، پلے کارڈ اور بینرز لگا کر سجادیا گیا ہے جبکہ جلسہ عام کے حوالے سے خواتین کا جوش و خروش قابل دید ہے ۔تفصیلات کے مطابق جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی جانب سے مختلف مارکیٹوں میں خواتین میں ہینڈبل تقسیم کئے گئے اور انہیں جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی گئی ۔جلسہ عام کے سلسلے میں باغ جناح میں ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنان تیاریوں میں مصروف عمل ہیں جس کے باعث جلسہ گاہ اور اطراف کے علاقوں میں ایم کیوایم کے پرچموں کی بہار دیکھنے میں آرہی ہے جبکہ جلسہ گاہ ایم کیوایم کے تنظیمی ترانوں اور نغموں سے گونج رہی ہے ۔اسی طرح جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کے علاوہ مختلف سیکٹروں میں خواتین کے کیمپس قائم کئے گئے ہیں جہاں خواتین بڑی تعداد میں موجود ہیں اور کیمپس میں خواتین کی جانب سے ایم کیوایم کے سہ رنگی پرچم ،قومی پرچم اور دوپٹے تیار کئے جارہے ہیں اور خواتین کو مہندی لگائی جارہی ہے ۔اس کے علاوہ ان کیمپوں سے خواتین کارکنان کی جانب سے گھر گھر رابطہ بھی کیا جارہا ہے اور خواتین کو جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی جارہی ہے اس کے علاوہ ایم کیوایم کے تنظیمی ترانے اور نغمے بجائے جارہے ہیں اور لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے جلسہ عام ''بااختیار عورت ،مضبوط پاکستان'' کی تشہیر کی جارہی ہے ،استقبالیہ کیمپوں پر مختلف علاقوں کی خواتین کی جانب سے بڑی تعداد میں رابطہ کیا جارہا ہے اور جلسہ عام کے انعقاد کو خواتین کے جائز حقوق کے حصول کیلئے نیک شگون قرار دیا جارہا ہے ۔جلسہ عام کے سلسلے میں باغ جناح میں 5 بڑے ٹرک بھی موجود ہیں جن کو چاروں جانب سے جناب الطاف حسین کی دیدہ زیب تصاویر اور خواتین کے جلسہ عام کے الفاظ جلی حروف میں تحریر ہیں ان ٹرکوں کے ذریعے شہر کے مختلف علاقوں میں جلسہ عام کی تشہیر کی جارہی ہے اور ایم کیوایم کے تنظیمی ترانے اور نغمے بجائے جارہے ہیں۔

## جاپان کے وائس قونصل جنرل برائے پولیٹیکل اینڈ اکنامک افیئر ز''Yuki Ochiai'' اور پولیٹیکل ایڈوائزر Mazahir Saeed کی خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل اور رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔16، فروری 2012ء

کراچی میں متعین جاپان کے وائس قونصل جنرل برائے پولیٹیکل اینڈ اکنامک افیئر ز''Yuki Ochiai'' اور پولیٹیکل ایڈوائزر Mazahir Saeed نے جمعرات کے روز خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل اور حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی، سماجی، معاشی اور اقتصادی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ پاکستان اور جاپان کے درمیان تعلقات کی بہتری اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور بھی زیر بحث آئے۔ قبل ازیں ایم کیوایم کے رہنماؤں نے جاپان کے قونصلیٹ جنرل کا نائن زیرو پر استقبال کیا اور انہیں خوش آمدید کہا۔ بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل نے جاپان کے وائس قونصل جنرل برائے پولیٹیکل اینڈ اکنامک افیئرز کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سوانح حیات پر مبنی کتاب پیش کی۔

## اے پی ایم ایس او کے زیر اہتمام جامعہ کراچی میں محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ و محفلِ سماع کا انعقاد

## ملک کے مشہور و معروف نعت خواں حضرات نے بارگاہِ رسالت ﷺ میں ہدیہ نعت پیش کیا اور سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی

## سیرت نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہونے میں ہی مسلم امہ کی بقاء ہے، کشور زہرا

کراچی ۔۔۔16، فروری 2012ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی کے زیراہتمام جامعہ کراچی کی آرٹس لابی میں ''ذکر مصطفیٰ ﷺ و محفلِ سماع منعقد ہوئی جس میں ملک کے معروف قوال امجد صابری، یاسمین جاوید، انجم عزیز،، عروبہ فاطمہ، نے گلہائے عقیدت پیش کئے اور سیرت طیبہ ﷺ پر روشنی ڈالی۔ محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ میں حق پرست سینیٹر شیرالہ ملک، ارکان قومی اسمبلی کشور زہرا، شگفتہ صادق، اے پی ایم ایس او کی وائس چیئر پرسن اسرای طفیل، وائس چیئرمین راحیل احمد، نشر و اشاعت سیکریٹری شبیر علی بابر، سیکریٹری فنانس امر قائم خانی اور جوائنٹ سیکریٹری انا خان نے شرکت کی۔ اس موقع پر جامعہ کراچی کے مختلف ڈیپارٹمنٹ کی چیئر پرسن، اساتذہ کرام، طلباء و طالبات کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔ محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ کے شرکاء سے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج و رکن قومی اسمبلی کشور زہرہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رسول اکرم ﷺ کو دنیا میں رحمت اللعالمین بنا کر بھیجا گیا ہے اور آپ ﷺ نے عدل و انصاف پر مبنی معاشرہ قائم کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کی بقاء سیرت نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہونے میں ہے اور آپ ﷺ کی تعلیمات تمام انسانوں کو ایک دوسرے سے اخوت بھائی چارے اور محبت کا درس دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ ﷺ نے ہی آکر دنیا میں عورت کو عزت اور اسکا جائز مقام عطاء کیا اور حضور کی ذات اقدس سراپا محسن انسانیت ہے۔ دریں اثناء انھوں نے محفل ذکرِ مصطفیٰ ﷺ و محفلِ سماع کے کامیاب انعقاد پر اے پی ایم ایس او شعبہ طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی ایسی شاندار محافل کا انعقاد کرتے رہیں گے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم میں عوام کا بڑھ چڑھ کر حصہ لینا

## اس ملک سے فرسودہ نظام کی تبدیلی کا پیش خیمہ ہے رکن رابطہ کمیٹی و صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد

## قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد سیاسی لیڈر ہیں جن کی جدوجہد اقتدار کیلئے نہیں بلکہ نظام کی تبدیلی کیلئے ہے، رکن رابطہ کمیٹی سید شاکر علی

## متحدہ قومی موومنٹ کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ساتویں روز ایم کیوایم حیدرآباد سیکٹر بی کے زیراہتمام حالہ ناکہ چوک پر رکنیت سازی کیمپ کا انعقاد

حیدرآباد۔۔۔16 فروری 2012 ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ساتوے روز بھی متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد سیکٹر بی کے زیراہتمام حالہ ناکہ چوک پر رکنیت سازی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کا سلسلہ ساتھویں روز بھی زور و شور سے جاری رہا کیمپ کا متحدہ قومی موومنٹ اراکین رابطہ کمیٹی و صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، سید شاکر علی، حیدرآباد زون کے جوائنٹ انچارج نوید شمسی، ذوالفقار علی خانزادہ و اراکین زونل کمیٹی نے دورہ کیا۔ اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی و صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، سید شاکر علی، حیدرآباد زون کے جوائنٹ

ذونل انچارج زنوید شمسی، ذوالفقار علی خانزادہ واراکین ذونل کمیٹی نے دورہ کیا۔اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی وصوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم میں عوام کا بڑھ چڑھ کر حصہ لینا اس ملک سے فرسودہ نظام کی تبدیلی کا پیش خیمہ ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک کے پھیلتے ہوئے پیغام حق پرستی سے ظالم وجابر قوتوں کی نیندیں حرام ہوگئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم عوام کے بنیادی حقوق کی جدوجہد میں مصروف عمل ہے اور قائد تحریک الطاف حسین چاہتے ہیں کہ ملک میں رہنے والے تمام طبقات کو یکساں حقوق حاصل ہوں اور غریبوں کے بچوں کو بھی اعلیٰ تعلیم کی سہولت حاصل ہو۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں یونیورسٹی اور میڈیکل کالج کے قیام کی منظور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے حیدرآباد کی عوام کو تحفہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک کی سیاست میں جو مثبت کردار ادا کیا ہے، وہ آج تک کسی بھی جماعت نے نہیں کیا۔ایم کیوایم لوگوں سے جھوٹے وعدے کرنے اور انہیں سبز باغ دکھانے پر یقین نہیں رکھتی بلکہ وہ عملی طور پر لوگوں کے مسائل کیلئے کوشاں ہے، انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جسکے رہبر الطاف حسین نے اپنے عمل وکردار سے پلاٹ و پرمٹ کی سیاست کی نفی کی اور ملک کے ایوانوں میں غریب ومتوسط طبقہ کے لوگوں کو پہنچایا۔اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی سید شاکر علی نے ایم کیوایم میں شمولیت کرنے والوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ ملک کی مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ہے اور ملک سے موروثی سیاست اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد میں مصروف عمل ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد سیاسی لیڈر ہیں جن کی جدوجہد اقتدار کیلئے نہیں بلکہ نظام کی تبدیلی کیلئے ہے اور وہ دن دور نہیں جب قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سچی قیادت کی بدولت پاکستان کی مظلوم عوام اپنی منزل حاصل کرلیں گے۔

## الیکشن کمیشن کی جانب سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کوووٹ کا حق دیئے جانے پر ایم کیوایم امریکہ کی مبارکباد

واشنگٹن ڈی سی:16فروری،2012ء

ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر جنید فہمی اور اراکین سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی نے الیکشن کمیشن کی جانب سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کوووٹ کا حق دیئے جانے کے فیصلے کو تاریخی قرار دیتے ہوئے بھرپور مسرت کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آج کا یہ تاریخی فیصلہ وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار کی انتھک محنت اور جدوجہد کا مظہر ہے، پاکستان کے 98% غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ایم کیوایم نے بیرون ملک مقیم لاکھوں پاکستانیوں کے جذبات اور احساسات کی ترجمانی کرتے ہوئے جس انداز میں کامیاب جدوجہد کی ، اس نے یہ بات ایک بار پھر ثابت کردی کہ ایم کیوایم اور اس کے وزراء نہ صرف عوام کی آواز ہیں بلکہ ان کے اصل ترجمان بھی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم اور ڈاکٹر فاروق ستار کی کوششوں سے آج بیرون ملک آباد لاکھوں پاکستانی آئندہ انتخابات میں بھرپور حصہ لے سکیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جہاں پاکستان میں مقیم اٹھارہ کروڑ عوام کے مسائل کے لئے آواز اٹھارہی ہے، وہاں آج ایم کیوایم اور اس کے قائد جناب الطاف حسین نے ثابت کردیا کہ وہ بیرون ملک آباد پاکستانیوں کو پاکستان میں ان کا جائز حق دلانے کے لئے بھی انتہائی سنجیدہ اقدامات کررہے ہیں۔انہوں نے بیرون ملک آباد پاکستانیوں کو ایم کیوایم امریکہ کی جانب سے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔آخر میں انہوں نے امریکہ میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان، ذمہ داران، اور حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ آنے والے قومی انتخابات کے لئے تیاریاں شروع کردیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔16فروری،2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی، آئی لینڈ سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج سمیر غیاث کی والدہ مبارک بیگم، سیکٹر بن قاسم یونٹ گلشن حدید کے کارکن ذاہد گلال کی والدہ بی بی سکینہ، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ B 133 کے کارکن محمد شفیع خان کی والدہ سعیدہ بیگم، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A 137 کے کارکن ریحان احمد صدیقی کے والد صدیق احمد صدیقی، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137/A کے کارکن سید سلطان کے بھائی سید رضوان حسین، لانڈھی سیکٹر یونٹ 3 شیر پاؤ کے کارکن فیاض احمد کی بیٹی مسکان بی بی، میرپور خاص زون یونٹ 4/B کے کارکن مرزا آصف کی بہن صدف مرزا اور نواب شاہ زون یونٹ 2 (سوشل فورم انچارج) لونگ خان چنہ کے بھتیجے کاشف علی چنہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

☆☆☆☆☆